# سوال

سلام علیکم !ایک بھائی کا سوال ہے کہ کیا بیوی سے ہمبستری کیے بغیر ولیمہ کیا جاسکتا ہے ؟ براہ مہربانی شریعت کی روشنی میں راہنمائی فرمادیں جزاک اللہ

# جواب

بیوی سے ہمبستری کئے بغیر ولیمہ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا بیوی سے ہمبستری کئے بغیر ولیمہ کیا جاسکتا ہے۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال و علیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! ولیمہ کے وقت میں اسلاف کا اختلاف ہے کہ آیا یہ عقد نکاح کے وقت ہوگا یا پھر دخول کے وقت یا دخول کے بعد، یا کہ اس کے لیے وسعت ہے کہ عقد نکاح سے شروع ہوکر دخول ہونے تک کسی بھی وقت کیا جاسکتا ہے، اس میں کئی ایک اقوال پائے جاتے ہیں۔ افضل یہی ہے کہ نبی کریم ﷺ کی اقتداء اور پیروی کرتے ہوئے ولیمہ رخصتی اور دخول کے بعد کیا جائے، لیکن اگر ایسا کرنا میسر نہ ہو تو پھر دخول سے قبل یا پھر عقد نکاح کے وقت یا عقد نکاح کے بعد بھی ولیمہ کرنے میں کوئی حرج نہیں تفصیل کےلئے دیکھیں فتوی نمبر (2900)

http://www.urdufatwa.com/index.php?/Knowledgebase/Article/View/2900/202/ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث